4

ہمارا وطن

یہ ہندوستاں ہے ہمارا وطن   محبّت کی آنکھوں کا تارا وطن

ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

وہ اس کے درختوں کی تیاریاں   وہ پھل پھول پَودے وہ پھلواریاں

ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

ہوا میں درختوں کا وہ جھُومنا   وہ پتّوں کا پھولوں کا منہ چومنا

ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

وہ ساون میں کالی گھٹا کی بَہار　　　وہ برسات کی ہلکی ہلکی پھوار
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن
وہ باغوں میں کوئل وہ جنگل میں مور　　　وہ گنگا کی لہریں، وہ جمنا کا زور
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن
اِسی سے ہے اس زندگی کی بَہار　　　وطن کی محبت ہو یا ماں کا پیار
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

— پنڈت برج نرائن چکبست

© NCERT not to be republished

مشق

پڑھیے اور سمجھیے

وطن	◄	ملک
آنکھوں کا تارا	◄	بہت پیارا، چہیتا
پھوار	◄	ہلکی بارش
کالی گھٹا	◄	کالے بادل

سوچیے اور بتائیے

1. وطن کو آنکھوں کا تارا کیوں کہا گیا ہے؟
2. کالی گھٹا کِس موسم میں دیکھنے کو ملتی ہے؟
3. اس نظم میں شاعر نے کن ندیوں کا ذکر کیا ہے؟
4. زندگی کی بہار کِس چیز سے ہے؟
5. شاعر نے وطن کی کن خوبیوں کا ذکر کیا ہے؟



© NCERT not to be republished

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے

کالی	کوئل	درختوں	وطن	آنکھوں

1. وہ اس کے .... کی تیاریاں
2. محبت کی .... کا تارا وطن
3. وہ ساون میں .... گھٹا کی بہار
4. وہ باغوں میں .... وہ جنگل میں مور
5. ہمارا .... دل سے پیارا ....



☜ اساتذہ کے لیے ہدایات:

- اساتذہ سے گزارش ہے کہ اس نظم کو بچّوں کے سامنے بآواز بلند پڑھیں اور نظم اور نثر کے فرق کو بھی واضح کریں۔
- اساتذہ اپنے علاقے کی ندیوں کے بارے میں طلبا سے گفتگو کریں۔
- اساتذہ ان طلبا سے بات کرنے کو کہیں جن کی مادری زبان اردو نہیں ہے، وہ اپنی مادری زبان میں اس نظم کے بارے میں بات کریں۔

© NCERT not to be republished

جس طرح لفظ 'درخت' سے 'درختوں' بنا ہے، اسی طرح نیچے لکھے ہوئے لفظوں سے لفظ بنائیے

پھول : ....

جنگل : ....

دل : ....

لہر : ....

بَہار : ....

آپ کے شہر یا علاقے میں کون سی ندی بہتی ہے؟ اس کا نام معلوم کر کے لکھیے

ہندوستان کے قومی پرندے مور پر دو جملے لکھیے

© NCERT not to be republished

نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھیے

1.

2.

3. 

4.

5.

© NCERT
not to be republished

درخت کی تصویر میں رنگ بھریے اور اس کے مختلف حصّوں کے نام لکھیے



© NCERT not to be republished